مکمل سوانح عمری مجدد دین و ملت اعلیحضرت فاضل بریلوی رضی اللہ عنہ

حیات اعلیحضرت

۱۹ - ۳۸ء

جلد اول

مکتبہ رضویہ
فیروز شاہ اسٹریٹ آرام باغ
کراچی

۸۶ء

حیاتِ اعلیٰحضرت

۱۹۳۸ء

مَظہرُ المناقِب

جلد اوّل

از

ملکُ العلماء مولانا ظفر الدّین صاحب رضوی

باہتمام

مفتی محمد ظفر علی - مہتمم دار العلوم امجدیہ

و

مکتبہ رضویہ فیروز شاہ اسٹریٹ

آرام باغ کراچی

مگر اس طرح کہ حاضرین مجلس سے فرماتے ہیں ابھی اپنے نفس کو وعظ نہیں کہہ پایا دوسروں کو وعظ کے کیا
لائق ہوں آپ حضرات مجھ سے مسائل شرعیہ دریافت فرمائیں اُن کے بارے میں جو حکم شرعی میرے علم میں
ہوگا چونکہ بعد سوال اُسے ظاہر کر دینا حکم شریعت ہے میں ظاہر کر دوں گا۔ فقیر قادری غفرلہ عرض کرتا
ہے اتنا سن کر حاضرین میں سے کوئی صاحب حسب حال سوال کر دیتے حضور پر نور اپنی تقریر دلپذیر سے
ایک موثر بیان اس مسئلہ پر فرما دیتے۔

حضرت سید صاحب موصوف قدس سرہ العزیز نے فرمایا کہ ایک بار میرے اصرار سے مولانا نے
مزار صاحب البرکات قدس سرہ پر اپنے والد ماجد قبلہ کا مؤلفہ مولود شریف سرور القلوب فی ذکر مولد
المحبوب ابھی پڑھا ہے جامع حالات غفرلہ کہتا ہے۔ تواضع و انکسار کی یہ حد ہے اس لئے کہ کتاب
دیکھکر مجلس میں ایک معمولی مولوی بھی پڑھنا پسند نہیں کرتا بلکہ اس کو لوگ شان علم کے خلاف سمجھتے ہیں میں
نے بہتیروں کو دیکھا ہے کہ مبلغ علم اُن کا اردو میں میلاد کی چند کتابیں مگر اُن کو دیکھکر نہیں پڑھا کرتے بلکہ
ایک مسلسل مضمون یاد کر لیا اور اسی کو زبانی جا بجا پڑھا کرتے ہیں۔

جناب سید ایوب علی صاحب کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ پیلی بھیت شریف حضرت مولانا مولوی
وصی احمد صاحب محدث سورتی قدس سرہ العزیز کے عرس سراپا قدس سے واپسی صبح کی گاڑی سے
ہوئی حضور نے اس وقت اسٹیشن پر آکر وظیفہ کی مسند قیمی حاجی کفایت اللہ صاحب سے طلب فرمائی
کسی نے جلدی سے آرام کرسی ڈمنگ روم سے لاکر بچھا دی ارشاد فرمایا یہ تو بڑی متکبرانہ کرسی ہے
جتنی دیر تک وظیفہ پڑھا آرام کرسی کے تکیہ سے پشت مبارک نہ لگائی۔

مولوی محمد حسین صاحب میرٹھی موجد طلسمی پریس کا بیان ہے کہ ایک سال بریلی میں رمضان المبارک
کی ۲۰ تاریخ سے اعتکاف کیا اعلیحضرت مسجد میں آتے تو فرماتے جی بہت چاہتا ہے کہ میں بھی اعتکاف
کروں مگر فرصت نہیں ملتی آخر ۲۶ ماہ مبارک کو فرمایا آج سے میں بھی معتکف ہی ہو جاؤں اعلیحضرت
بعد افطار پان نوش فرماتے شام کو کھانا کھاتے تھے میں نے کسی دن نہیں دیکھا سحر کو صرف ایک چھوٹے سے پیالے میں فیرینی اور ایک
پیالی میں چٹنی آیا کرتی تھی وہ نوش فرمایا کرتے تھے ایکدن میں نے دریافت کیا حضور فیرینی اور چٹنی کا کیا جوڑ فرمایا نمک سے کھانا شروع کرنا
اور نمک ہی پر ختم کرنا سنت ہے اسلیے یہ چٹنی آتی ہے ایکدن شام کو پان نہیں آئے اور یہ بہت پختہ عادت تھی کہ کھانے
کی کوئی چیز طلب نہیں فرماتے خاموش رہے مگر چونکہ پان کے از حد عادی تھے ناگواری ضرور پیدا

ہوئی مغرب سے تقریباً دو گھنٹہ بعد گھر کا ملازم ایک بچہ پان لایا حضرت نے اُسے ایک چپت مار کر فرمایا کہ اتنی دیر میں لایا بعدہٗ سحر کے وقت سحری کھا کر مسجد کے باہر دروازہ پر تشریف لائے اس وقت رحیم اللہ خاں ملازم اور میں دو شخص مسجد میں تھے فرمایا آپ صاحبان میرے کام میں مخل نہ ہوں میں گھبرایا اور عرض کی حضور ہم تو خدام میں مخل ہوا کیا معنی بعدہٗ اُس بچے کو بلوایا جو شام کو پان دیر میں لایا تھا اور فرمایا کہ شام کو میں نے غلطی کی جو تمہارے چپت ماری دیر سے بھیجنے والے کا قصور تھا۔ لہٰذا تم میرے سر پر چپت مارو اور ٹوپی اتار کر اصرار فرما رہے ہیں ہم دونوں بہت مضطرب اور دم بخود پریشان اور وہ بچہ بھی بہت پریشان اور کانپنے لگا اُس نے ہاتھ جوڑ کر عرض کیا حضور میں نے معاف کیا فرمایا تم نابالغ ہو تمہیں معاف کرنے کا حق نہیں تم چپت مارو مگر وہ نہ مار سکا بعدہٗ اپنا بکس منگوا کر مٹھی بھر پیسے نکالے دو پیسے دکھا کر فرمایا میں تم کو یہ دوں گا تم چپت مارو مگر وہ بیچارہ یہی کہتا رہا۔ حضور میں نے معاف کیا آخر کار اعلیٰحضرت نے اُس کا ہاتھ پکڑ کر بہت سی چپتیں اپنے سر مبارک پر اس کے ہاتھ سے لگائیں اور پھر اُس کو پیسے دے کر رخصت کیا۔

برِ اطاعتِ والدین

حضرت سید شاہ اسمٰعیل حسن میاں صاحب قدس سرہ کا بیان ہے کہ مولانا احمد رضا خاں صاحب کو اللہ تعالےٰ نے جامع کمالات ظاہری و باطنی صوری و معنوی بنایا تھا۔ اوصاف و کمالات میں جس کو لے کر دیکھئے مولانا کی ذات میں بدرجہ کمال اُس کا ظہور تھا والدین کی اتباع کا یہ حال تھا کہ جب مولانا کے والد ماجد جناب مولانا نقی علی خاں صاحب کا انتقال ہوا اپنے حصہ جائداد کے خود مالک تھے مگر سب اختیار والدہ ماجدہ کے سپرد تھا وہ پوری مالکہ و متصرفہ تھیں جس طرح چاہتیں صرف کرتیں جب مولانا کو کتابوں کی خریداری کے لئے کسی غیر معمولی رقم کی ضرورت پڑتی تو والدہ ماجدہ صاحبہ کی خدمت میں درخواست کرتے اور اپنی ضرورت ظاہر کرتے جب وہ اجازت دیتیں اور درخواست منظور کرتیں تو کتابیں منگواتے۔

جامع حالات فقیر محمد ظفر الدین قادری رضوی غفرلہٗ عرض کرتا ہے کہ میرے سامنے کا واقعہ ہے کہ حضرت مولانا محمد رضا خاں صاحب برادر اصغر اور حضرت حجۃ الاسلام مولانا شاہ حامد رضا خاں صاحب خلف اکبر اور حضور کی اہلیہ محترمہ ۱۳۲۳ھ حج و زیارت کے لئے روانہ ہوئیں تو حضور جھانسی تک اُن کو پہنچانے تشریف لے گئے کہ وہاں سے بمبئی میل پر وہ لوگ روانہ